# بخشِ نظم
# POETRY SECTION

## ۱۔ حمد

**تمہید :** خدائے تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق فرمائی اور انسانوں کے رہنے کے لیے خصوصی طور پر دنیا بنائی۔ باغات، کہسار، ندیاں، جھیل، چشمے، درخت، پھول اور پھل وغیرہ کے ذریعے اسے خوب صورتی عطا کی۔ بڑا ہی بدنصیب ہوگا وہ انسان جو اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرے اور اتنی عظیم نعمتوں کی ناقدری کرے۔ اس کا فرض ہے کہ وہ خالق و مالکِ کائنات کی حمد وثنا بیان کرے۔

حمد نظم کی ایک صنف ہے جس میں شاعر اللہ تعالیٰ کی توصیف بیان کرتا ہے۔ محمود پوروہاب کی یہ نظم خدائے تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرتی ہے جس میں شاعر خدا سے کرم اور مہربانی کا طلب گار بھی ہے۔

**تعارف :** محمود پوروہاب ۱۹۵۹ء میں ایران کے شہر رودسر میں پیدا ہوئے۔ اعلیٰ تعلیم 'قم' میں حاصل کی۔ حصولِ تعلیم کے بعد شعبۂ ادبِ اطفال سے وابستہ ہوگئے۔ انھوں نے نثر ونظم کی تقریباً ساٹھ کتابیں تصنیف کیں۔ اس کے علاوہ اہم موضوعات پر کئی مقالات بھی تحریر کیے۔ ان کی شعری تخلیقات ایران کی درسی کتابوں میں شامل رہتی ہیں۔ بچوں کے لیے لکھی ہوئی ان کی مشہور کتاب 'سورہ مہر' ہے۔

به نامِ خداوندِ رنگین کمان — خداوندِ بخشندۂ مهربان
خداوندِ سنجاقكِ رنگ رنگ — خداوندِ پروانه های قشنگ
خدای که آب و هوا آفرید — درخت و گل و سبزه را آفرید
خدای که از بوی گُل بهتر است — صمیمی تر از خنده‌ی مادر است
خدایا به ما مهربانی بده — دلی ساده و آسمانی بده
دلِ صاف و بی کینه مانندِ آب
دلِ روشن و گرم چون آفتاب

(محمود پور وهاب)

**خلاصه در فارسی :** در این نظم شاعر حمدِ خدای تعالیٰ بیان می کند۔ او می گوید که خداوند بخشندۂ مهربان است۔ او خداوندِ سنجافك و پروانه های قشنگ است۔ او آب و هوا، درخت و گل و سبزه آفرید۔ او پاکیزه تر از بوی گل و خالص تر از خندۂ مادر است۔ شاعر از خداوند دعا می کند که او را مهربانی، دلِ ساده و کشاده دهد۔ آن دل مانندِ آب صاف و بی کینه بُوَد و مانندِ آفتاب روشن و گرم بُوَد۔

**خلاصہ (اُردو) :** اس نظم میں شاعر خدائے تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ خدا عطا کرنے والا مہربان ہے۔ وہ رنگین ٹڈیوں اور خوب صورت تتلیوں کا بھی آقا ہے۔ آب و ہوا، درخت، پھول اور سبزہ وہی پیدا کرتا ہے۔ اس کی ذات پھول کی مہک سے پاکیزہ اور ماں کی ہنسی سے زیادہ خالص ہے۔ شاعر خدا سے دعا کرتا ہے کہ وہ اسے سادہ اور کشادہ دل دے، وہ دل جو پانی کی طرح صاف اور بے مَیل ہو اور سورج کی طرح روشن اور گرم ہو۔

## فرهنگ (Glossary)

| | | |
|---|---|---|
| بخشنده | بخشنے والا | Forgiver |
| سنجاقك | تتلی، چڈّا | Butterfly, dragonfly |
| قشنگ | خوب صورت | Beautiful |
| آفرید | پیدا کیا | Created |
| صمیمی | خالص، سچا | Cordial, sincere, genuine |
| خنده | مسکراہٹ | Smile |
| بی کینه | بغیر کینے کے | Without malice |

## Exercise / پرسش

۱۔ درج ذیل اشعار مکمل کیجیے۔ **Complete the following couplets.**

۱۔ خدای کـه آب و هـوا آفرید

. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . .

۲۔ . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . .

دلِ روشـن و گـرم چون آفتـاب

۲۔ ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔ **Do as directed.**

۱۔ تخلیقاتِ خداوند را از حمد انتخاب بکنید۔

۲۔ ”دلِ صاف‘ و ’بی کینه‘ را به الفاظِ خود وضاحت بکنید۔

۳۔ این حمد را در نثر بنویسید۔

۳۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھیے۔ **Write antonyms of the following words.**

مهربان ، گُل ، صاف ، روشن ، گرم

۴۔ نظم سے اضافت کی تینوں شکلوں کی مثالیں تلاش کیجیے۔

**Find from the poem all three forms of اضافت .**